SLR-CT – 9

Seat No.	

Set **P**

B.Com.– I (Semester – I) (CBCS) Examination, 2018
URDU
Prose, Poetry and Communication

Day and Date: Monday, 26-3-2018 Max. Marks : 70
Time : 2.30 p.m. to 5.00 p.m.

N.B. : 1) ***All*** *questions are* ***compulsory****.*
2) ***All*** *questions carry* ***equal*** *marks.*

۱. صحیح متبادل الفاظ کا انتخاب کرکے خانہ پُری کیجئے : **14**

۱) مصنف کو چلتے چلتے خیال آیا کہ ________ سے جگانے کے لیے کہہ ہی نہ دیں۔

(مرزا صاحبہ نواب صاحب لالہ جی مرزا صاحب)

۲) "شولاپور کے روشن چراغ" یہ کتاب ________ کی تحریر کردہ ہے۔

(ڈکٹر فہیم احمد صدیقی ڈاکٹر آدم رضا ڈاکٹر غلام دستگیر اعجاز حسین)

۳) آدمیوں نے ________ کے خلاق ایجی ٹیشن کرنے میں کوئی کسر نہیں اُٹھا رکھا۔

(علماء ادباء شعراء مچھروں)

۴) فکر کو جولاں، عقل کو رسا اور فرد ہن کو تیز کرنے کے لیے ________ کمیا سمجھا جاتا ہے۔

(شہد بادام شطرنج کرکیٹ)

۵) ________ نے کہا مجبور ہو کر مجھے بھی کھیلنا ہی پڑتا ہے۔

(فہیم صدیقی مرزا صاحب میر صاحب بیگم صاحب)

P.T.O.

٦) اب خدا سے یہ دعا ہے کہ کوئی __________ اٹھے اور انسانی ہمدردی اور اپنی قوم کی بھلائی میں کوشش کرے۔

(بوڑھا عالم استاد نوجوان)

٧) "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" یہ مضمون __________ کا تحریر کردہ ہے۔

(سرسید احمد خان مرزا فرحت اللہ بیگ احمد شاہ بخاری پطرس خواجہ حسن نظامی)

٨) بیٹے نے اپنا سارا خواب __________ سے کہا۔

(باپ بھائی بہن ماں)

٩) خواجہ حسن نظامی کے انشائیوں کا مجموعہ __________ کے نام سے شائع ہوا ہے۔

(آہنگ نو دست تہہ سنگ سی پارۂ دل تنقیدی مذہبی مضامین)

١٠) "تہذیب الاخلاق" نامی رسالہ __________ نے جاری کیا تھا۔

(خواجہ حسن نظامی سرسید احمد خان پطرس بخاری فہیم صدیقی)

١١) علامہ اقبالؔ کا پہلا اردو شعری مجموعہ __________ ہے۔

(اسرار خودی بالِ جبرئیل ارمان حجاز بانگ دراء)

١٢) "نثار میں تیری گلیوں کے" یہ نظم __________ کی تحریر کردہ ہے۔

(فیضؔ مجازؔ اقبالؔ نظیرؔ)

١٣) اردو کا پہلا عوامی شاعر __________ ہے۔

(محمد قلی قطب شاہ امیر خسروؒ خواجہ بندہ نوازؒ نظیرؔ اکبر آبادی)

١٤) __________ تک کے دن گنے گئے صفحہ وں کی تعداد کو دنوں کی تعداد پر تقسیم کیا گیا ساڑھے پانچ سو جواب آیا ۔

(١٧مارچ ١٥اپریل ١٥فروری ١٨جنوری)

Set P

۲. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیئے **(کوئی سات)** : 14

۱) مصنف نے کتابوں کو کس ترتیب سے رکھا ؟

۲) لالاجی وعدے کے مطابق مصنف کو صبح کب جگاتے ہیں ؟

۳) ڈاکٹر فہیم صدیقی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

۴) ڈاکٹر غلام دستگیر صاحب کے تصانیف کے نام تحریر کیجئے ۔

۵) خواجہ حسن نظامی کے چند سبق آموز انشائیوں کے نام لکھیئے۔

۶) داکٹر علامہ اقبال کی چند شاہکار نظموں کے نام بتایئے۔

۷) فیض احمد فیض کے شعری مجموعے کے نام تحریر کیجئے۔

۸) "شطرنج کی بازی" کے کرداروں کے نام لکھیئے۔

۰۳ الف) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیئے **(کوئی دو)** : 8

۱) " ملک کو آزاد کرانے میں سلم مجاہدین کا حصہ " اس عنوان پر ایک مضمون لکھیئے۔

۲) " اسلامی بینکنگ نظام اور سود پر لعنت " اس عنوان پر مضمون تحریر کیجئے۔

۳) نظم کا بغور مطالعہ کر کے سوالات کے جوابات لکھیئے :

https://www.solapurstudy.com/

ا) بڑھائے جائو زندگی کی وسعتیں، بڑھے چلو

گرائے جائو ممکنات کی حدیں، بڑھے چلو

بنائے جائو آسماں پہ آسماں، بڑھے چلو

پکارتی ہیں منزلیں، نہ وہم ہے، نہ جواب ہے

یہ دیکھو آفتاب ہے، وہ دیکھو ماہتاب ہے

بلا رہی ہیں وہ تمھیں بلندیاں، بڑھے چلو

اُٹھان ہو دبائو میں، وقار ہو جھکاؤ میں

گھماؤ میں، چڑھاؤ میں، ندی کے اس بہاؤ میں

اُٹھائے اپنی کشتیوں کے بادباں، بڑھے چلو

حقیقتیں زمین کی، ہیں گرد آستین کی

اُبھر رہی نقش پا سے منزلیں یقین کی

اُتر رہی ہیں طور سے تجلیاں، بڑھے چلو

سوالات: ا) شاعر کن وسعتوں کو بڑھانا چاہتا ہے؟

۲) ممکنات کی حدیں سے کیا مراد ہے؟

۳) شاعرے آستین گرد کسے کہا ہے؟

۴) اس نظم کا مناسب عنوان دیجئے۔

https://www.solapurstudy.com/

۰۳ ب) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیئے (کوئی دو) : 6

۱) "مرزا صاحب" کے کردار پر روشنی ڈالیئے۔

۲) نظم "نوجوان سے" کا مرکزی خیال لکھیئے۔

۳) نظم "غلام قادر روہیلہ" کا مرکزی خیال تحریر کیجئے۔

۰۴ مندرجہ ذیل سوالات کا مفصل جواب لکھئے (کوئی ایک) : 14

۱) "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

۲) "مچھر" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیئے۔

۰۵ افسانہ "شطرنج کی بازی" کا خلاصہ قلمبند کیجئے۔ 14

____

https://www.solapurstudy.com/